PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

وہاڑی نے سدرن پنجاب لیگ ٹورنامنٹ کا ٹائٹل جیت لیا

لاہور، 17 اگست 2021ء:

وہاڑی نے دوروزہ سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن ٹورنامنٹ 22-2021 کا ٹائٹل پہلی اننگز میں برتری کی بنیاد پر جیت لیا۔ وہاڑی اور مظفر گڑھ کے درمیان کھیلا جانے والا فائنل میچ گذشتہ روز ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں ڈرا ہوگیا تھا۔

وہاڑی نے اپنی پہلی اننگز میں نو وکٹوں کے نقصان پر 353 رنز بنائے تھے جبکہ مظفر گڑھ کی ٹیم پہلی اننگز میں 243 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی تھی۔ میچ کے آخری روز وہاڑی نے اپنی دوسری اننگز میں تین وکٹوں کے نقصان 175 رنز بنائے تھے۔

وہاڑی کی کامیابی میں نوید احمد اور فرحان سرفراز نے اہم کردار ادا کیا۔ نوید نے پہلی اننگز میں 138 رنز بنائے اور فرحان نے دونوں اننگز میں ہاف سنچریاں اسکور کیں۔

ٹورنامنٹ کے کامیاب باؤلر کا اعزاز مظفر گڑھ کے محمد جنید کے حصے میں آیا انہوں نے فائنل میچ میں چھ وکٹیں حاصل کیں اور سات میچوں میں 39 وکٹیں اپنے نام کیں۔

سدرن پنجاب کی 14 ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا تھا، پول اے میں وہاڑی کی ٹیم ٹاپ پر موجود تھی جبکہ مظفر گڑھ پول بی میں ٹاپ پر رہا۔

ساہیوال کے شیرون سراج 74.33 کی اوسط سے چھ میچوں میں 669 رنز بنا کر سب سے کامیاب بلے باز رہے۔ ان کا ٹورنامنٹ میں بہترین اسکور 185 رنز ناٹ آوٹ رہا انہوں نے ٹورنامنٹ میں تین سنچریاں اور ایک نصف سنچری بنائی۔

ڈیرہ غازی خان سے تعلق رکھنے والے عمار علی نے چھ میچوں میں 69.88 کی اوسط سے 559 رنز بنائے اس میں 152 کی ناقابل شکست اننگز بھی شامل تھی۔ دائیں ہاتھ کے بلے باز نے تین سنچریاں اور ایک نصف سنچری اسکور کی تھی۔

راجن پور کے جواد حسین نے چھ میچوں میں 72.29 کی اوسط سے 506 رنز بنائے اور 102 ناٹ آوٹ ان کا بہترین اسکور تھا۔ بائیں ہاتھ کے بلے باز نے ایک سنچری اور تین نصف سنچریاں بنائی تھیں۔

سدرن پنجاب لیگ ٹورنامنٹ میں واحد ڈبل سنچری اوکاڑہ کے وقار حسین نے بنائی، دائیں ہاتھ کے بلے باز نے خانیوال کے خلاف ناقابل شکست 202 رنز بنائے تھے جس میں 228 گیندوں پر 15 چوکے اور تین چھکے شامل تھے۔ٹورنامنٹ کے پانچ میچوں میں انہوں نے 75.67 کی اوسط سے 454 رنز بنائے۔

بولنگ چارٹ میں دوسرے نمبر پر خانیوال سے تعلق رکھنے والے زین العابدین تھے جنہوں نے ٹورنامنٹ میں چھ میچوں میں 28 وکٹیں حاصل کیں۔انہوں نے ٹورنامنٹ میں تین مرتبہ پانچ وکٹیں حاصل کیں۔

ساہیوال کے محمد رمیز اورڈیرہ غازی خان کے محمد جہانگیر نے بالترتیب 25،25 وکٹیں حاصل کیں۔ رمیز نے تین مرتبہ پانچ اور ایک دفعہ دس وکٹیں حاصل کیں جبکہ جہانگیر نے ایک اننگز میں 20 رنز کے عوض پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

13 ٹیموں پر مشتمل بلوچستان کرکٹ ایسوسی ایشن کا فائنل لورالائی اور لسبیلہ کے مابین 21 اگست سے کھیلا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial